سوال

(343) میرے چچا مجھے خواب میں مارنا چاہتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرا ایک چچا تھا مجھے پسند نہیں کیا کرتا تھا اور مجھے مارا بھی کرتا تھا اور اب وہ فوت ہو چکا ہے لیکن ان دنوں مجھے بہت ڈراونے خواب آنے لگے ہیں، میں دیکھتا ہوں کہ وہ مجھے اور میری چھوٹی بیٹی کو پکڑنا چاہتا ہے لیکن میں بھاگ اٹھتا ہوں اور وہ مجھے پکڑ نہیں سکتا، امید آپ میری رہنمائی فرمائیں گے کہ ان ڈراونے خوابوں سے نجات مل جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ اور اس قسم کے ڈراونے خواب شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں اور مسلمان کے لئے حکم شریعت حکم شریعت یہ ہے کہ وہ جب کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اپنے بائیں طرف تین بار تھوک دے اور شیطان سے اور اس خواب کے شر سے بھی اللہ تعالی سے تین بار پناہ مانگے اور پھر کروٹ بدل کر لیٹ جائے تو یہ خواب اس کے لئے نقصان دہ نہ ہوگا، اس کے بارے میں کسی کو بتائے بھی نہیں کیونکہ صحیح حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''اچھا خواب اللہ تعالی کی طرف سے ہوتا ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے اگر کوئی برا خواب دیکھے تو تین بار اپنے بائیں طرف تھوک دے اور پھر پہلو بدل کر لیٹ جائے تو یہ برا خواب اس کے لئے نقصان دہ نہ ہوگا، اس کے بارے میں کسی کو بتائے بھی نہیں اور اگر خواب اچھا ہو تو اللہ تعالی کی حمد بیان کرے اور جس کو پسند کرے بتا بھی دے۔''

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 424

محدث فتویٰ